**16.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........فیصل خان

-------------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسا نائکے سے بات چیت کی۔

☆ راجیہ سبھا میں آئین کے 75 برس کے موقع پر خصوصی بحث جاری ہے۔ مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ یہ موقع آئین کے جذبے کو برقرار رکھنے کے لئے اپنے عہد کا اعادہ کرنے کا ہے۔ اپوزیشن کے رہنما ملک ارجن کھڑگے نے حکومت پر آئین کو کمزور کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ بھارت 1971 کی جنگ میں پاکستان پر اپنی فتح کو آج وجئے دِوس کے طور پر منا رہا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے سرکردہ طبلہ نواز ذاکرحسین کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں برسبین کے Gabba میں

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گواسکر ٹرافی کا تیسرا ٹسٹ میچ کھیلا جارہا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Prez Sri Lanka - India**

وزیر اعظم نریندر مودی، اور دورے پر آئے ہوئے سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسّا نائکے کے درمیان آج نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت جاری ہے۔ دونوں لیڈر باہمی مفاد کے معاملات پر گفتگو کریں گے۔ مہمان شخصیت کو آج صبح راشٹرپتی بھون کے احاطے میں باقاعدہ استقبالیہ دیا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے جناب دِسّا نائکے کا خیر مقدم کیا ہے۔ سری لنکا کے صدر نے راج گھاٹ پر بابائے قوم مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت پیش کئے۔ سری لنکا کے صدر بھارت کے تین روزہ

دورے پر کل نئی دلّی پہنچے تھے۔ اطلاعات ونشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے اُن کا استقبال کیا تھا۔
سری لنکا کے صدر، آج شام صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ سے ملاقات کریں گے۔وہ بہار میں بودھ گیا بھی جائیں گے۔

جناب دِسّا نائکے نے جب سے صدر کا عہدہ سنبھالا ہے یہ بھارت کا اُن کا پہلا دوطرفہ دورہ ہے۔ ×

## RS- Constitution

راجیہ سبھا میں آج وقفہ صفر اور سوالات کے وقفے کو معطل کرتے ہوئے بھارت کے آئین کے باوقار **75** سال کے موقع پر ایک خصوصی بحث شروع کی گئی۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے آزادی اظہار اور آئین کی حفاظت کے معاملے پر اپوزیشن پر حملہ بولا۔ محترمہ سیتارمن نے الزام لگایا کہ کانگریس، جمہوریت کو مضبوط کرنے کے بجائے ایک مخصوص کنبے کی مدد اور اقتدار میں کچھ لوگوں کو بچانے کیلئے بے شرمی کے ساتھ آئین میں تبدیلی کرتی رہی ہے۔ انہوں نے ملک میں ایمرجنسی نافذ کرنے پر کانگریس کو نشانہ بنایا اور کہا کہ بغیر کسی وجہ کے ایمرجنسی کے دوران لوک سبھا کی مدت میں توسیع کی گئی اور توسیع شدہ مدت کے دوران پوری اپوزیشن کو جیل میں ڈال دیا گیا۔

محترمہ سیتارمن نے زور دے کر کہا کہ **BJP** کی سرکار آئین کے تحفظ کیلئے پابند عہد ہے۔محترمہ سیتارمن نے مختلف شعبوں میں نریندر مودی حکومت کی حصولیابیوں کو گنایا۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ کانگریس غریبی ہٹاؤ کے اپنے وعدے پر پوری نہیں اُتری۔ ایوان میں اپوزیشن کے لیڈر ملکا ارجن کھڑگے نے حکومت پر آئین کو کمزور کرنے کا الزام لگایا۔ ×

## Joshi EVM

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں پر کانگریس کی جانب سے سوال اٹھائے جانے پر تنقید کی ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب جوشی نے اس بات کا حوالہ دیا کہ جموں کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ خود کانگریس کے **EVM** پر مستقل بدلتے ہوئے موقف پر نکتہ چینی کرتے رہے ہیں، یہاں تک کہ کچھ اپوزیشن پارٹیاں بھی سب سے بڑی اپوزیشن پارٹی پر انگلی اٹھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی کو اپنی غلطیوں کا احساس ہونا چاہیئے۔

**Byte : Pralhad Joshi**

اِس سے قبل جناب عبداللہ نے کہا تھا کہ اگر کسی کو انہی **EVM** کے ذریعے لوک سبھا میں **100** سیٹیں مل

جاتی ہیں اور وہ اپنی جیت کا جشن مناتا ہے اور جب نتائج خواہشات کے مطابق نہیں ہوتے تو اُس صورت میں اپنا موقف بدلتے ہوئے **EVM** پر الزام نہیں لگایا جاسکتا۔ **x**

**BJP Cong Nehru Letters**

آج بی جے پی نے میڈیا کے ایک خبر پر کانگریس پر نکتہ چینی کی ہے جس کے تحت پارٹی کی سابق صدر سونیا گاندھی نے **2008** میں وزرائے اعظم کے میوزیم اور لائبریری سے ملک کے پہلے وزیر اعظم جواہر لال نہرو کی جانب سے عطیہ کئے گئے کاغذات لے لیے تھے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے بی جے پی کے ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ یہ بات سامنے آئی ہے کہ خطوط کے **51** کارٹن سونیا گاندھی نے اُس وقت لے لیے تھے جب وہ **UPA** کی چیئرپرسن تھیں۔ اِن میں وہ خطوط شامل ہیں جو نہرو جی نے **Edwina Mountbatten** ، جے پرکاش نارائن اور دیگر کو لکھے تھے۔

**Byte: Sambit Patra**

اس دوران کانگریس نے یہ کہتے ہوئے بی جے پی پر تنقید کی ہے کہ حکمراں پارٹی ایک سرکردہ کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے الزامات کے معاملے سے دھیان ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔ پارٹی کے ایم پی عمران مسعود نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا کو بتایا کہ یہ ایک سیاسی ایجنڈہ ہے۔

**RS MSME**

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ **Udyam** پورٹل پر ساڑھے پانچ کروڑ سے زیادہ **MSME** نے اندراج کرایا ہے۔ یہ پورٹل ایک آن لائن سسٹم ہے جس کے تحت بہت چھوٹے، چھوٹے اور اوسط کاروباری ادارے اپنا اندراج کراسکتے ہیں۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے خزانے کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا کہ ملک ایک باضابطہ معیشت بننے کی جانب تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے مطلع کیا کہ گزشتہ تین برس میں **e-Shram** پورٹل پر بھی **30** کروڑ **86** لاکھ ورکروں نے اندراج کرایا ہے۔ **x**

**VP Defence Estates Lecture**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ دفاعی املاک کو خود کفیل ایکو نظام، فوجی تیاری میں اضافہ کرنے، معاشرے کی فلاح و بہبود اور تغذیے کی یقینی فراہمی میں کلیدی رول ادا کرنا چاہئے۔ آج نئی دلی میں ساتویں دفاعی املاک کے دن لیکچر دیتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ اراضی کا بہتر سے بہتر استعمال سوچ و فکر کو بیدار

کرنے والا ، مجموعی اور اخراعی ہونا چاہیئے۔ نائب صدر نے کہا کہ زمین کا بہتر سے بہتر بندوبست 2047 تک وِکست بھارت کے لئے سود مند ثابت ہوگا۔

**Byte: Jagdeep Dhankhar**

جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ترقی، قوم پرستی، سکیورٹی، اچھی حکمرانی سے متعلق اسکیموں اور مجموعی طور پر عوام کی فلاح و بہبود کو آئین کی تمہید کے نظریے سے دیکھا جانا چاہیئے۔ **x**

**VIJAY DIWAS**

**1971** کی جنگ میں پاکستان پر بھارت کی فتح کی یاد میں آج وِجے دِوس منایا جا رہا ہے۔ اِس موقع پر اُن شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے، جنھوں نے جنگ کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا۔

**1971** میں آج ہی کے دن پاکستانی فورسز کے سربراہ جنرل اے۔اے۔خان نیازی نے اپنے **93** ہزار فوجیوں کے ساتھ اتحادی افواج کے سامنے غیر مشروط طور پر خود سپردگی کردی تھی۔ یہ اتحادی فورسز بھارتی فوج اور مُکتی باہنی پر مشتمل تھی۔

جنگ کے خاتمے پر مشرقی پاکستان کے علیحدہ ہونے کے بعد بنگلہ دیش وجود میں آیا تھا۔

وِجے دِوس کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ ملک اُن بہادر سپاہیوں کے حوصلے اور قربانی کی قدر کرتا ہے، جنہوں نے آج ہی کے دن **1971** میں بھارت کو تاریخی فتح دلائی تھی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ فوجیوں کی بے لوث لگن اور بہادری سے ملک کو فخر حاصل ہوا ہے۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج وِجے دِوس کے موقع پر بھارتی مسلح فورسز کی قربانیوں اور بہادری کو سلام کیا۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے بھی آج وِجے دوس کے موقع پر **1971** کی جنگ کے بہادر سپاہیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

**ZAKIR HUSSAIN**

سرکردہ طبلہ نواز ذاکرحسین کا کل رات امریکہ میں انتقال ہوگیا۔ وہ **73** سال کے تھے۔ اُن کے کنبے کے ذرائع نے بتایا کہ اُنہیں بلڈ پریشر کی بیماری کا سامنا تھا۔ اِس سے پہلے ذاکرحسین کو، دل کی بیماری کی وجہ سے، **San Francisco** کے ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے مایہ ناز طبلہ نواز ذاکر حسین کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ استاد ذاکرحسین

کو اپنے غیر معمولی فن کے لئے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔
نائب صدر نے کہا کہ استاد ذاکر حسین نے بھارتی کلاسیکی موسیقی کو عالمی سطح پر ایک اہم مقام دلایا۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ استاد ذاکر حسین کو ایک ایسے بہترین فنکار کے طور پر یاد رکھا جائے گا جس نے بھارتی کلاسیکی موسیقی میں انقلاب پیدا کیا۔x

## Cricekt Ind Vs AUS

آسٹریلیا نے برسبین کے **Gabba** میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گواسکر ٹرافی کے تحت تیسرا ٹسٹ میچ جاری ہے۔ بھارت نے آج اپنی پہلی اننگز میں آج کا کھیل ختم ہونے تک **4** وکٹ پر **51** رن بنا لئے تھے۔

☆☆☆☆☆